98383 ـ تمباكو كمپنى ميں اكاؤنٹ كا كام كرنے والى لڑكى سے شادى كرنا

سوال

كيا ٹوبيكو كمپنى ميں اكاؤنٹنٹ كى ملازمت كرنے والى لڑكى كے ساتھ ميں شادى كر سكتا ہوں، وہ لڑكى بڑے اچھے اخلاق كى مالك ہے، اور اسلامى پردہ بھى كرتى ہے، اور عفت و عصمت كى مالك ہے، باقى سينوں كے بھيد تو اللہ كے علم ميں ہيں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

محترم بھائى: دنيا ميں سعادت كے ليے شادى كرنا ايك بہتر اقدام ہے، ليكن بہت سارے لوگ اس فانى دنيا كى سعادت كے متمنى تو ہيں، ليكن وہ باقى رہنے والى آخرت كو بھول جاتے ہيں، چنانچہ شادى ميں اللہ تعالى كے مشروع امور كا خيال نہيں ركھتے، بلكہ صرف اپنى لذت و شہوت پورى كرنے كے ليے شادى كرتے ہيں، اس ليے وہ ايسى عورت سے شادى كے خواہاں ہوتے ہيں جو خوبصورت ہو يا پھر اچھے مقام و مرتبہ كى مالك، يا مالدار ہو، اور يہ چيز اكثر اوقات دين كے حساب سے ہوتى ہے.

ہمارے سائل بھائى: ہم آپ سے اميد ركھتے ہيں كہ آپ ايسے افراد ميں شامل نہيں ہونگے.

مسلمان كو ايسے فرد كى ضرورت ہے جو اسے متنبہ كرتا رہے اور اس كى استقامت اور خير و بھلائى اور اطاعت فرمانبردارى پر معاونت كرے، اور اس ميں سب سے بہتر معاون نيك و صالح بيوى ہى ہو سكتى ہے، جو اسے خير و بھلائى كا حكم دے، اور شر و برائى سے روكتى رہے.

اور پھر مسلمان كو اس كى بھى ضرورت اور وہ اس كا بھى محتاج ہے كہ ماں ايسى ہو جو نيك و صالح اور كريم ہو، جو اس كى اولاد كى تربيت كرے، اور ان كا خيال ركھے، اور ان ميں بہترين اخلاق اور اچھى عادات ڈالے، اور ان كى پرورش اللہ تعالى كى حسن عبوديت پر كرے، اور اللہ تعالى كے شعار كى ان كے دلوں ميں تعظيم پيدا كرے، اور ايسے اسباب كا نمو كرے جس سے وہ اپنى زندگى ميں شريعت كا التزام كريں، تا كہ دينا و آخرت ميں وہ اللہ كى رضا و خوشنودى حاصل كر سكيں، اور معاشرے ميں خير و اصلاح كى مشعل راہ بنيں.

آپ كو چاہيے كہ جس عورت سے شادى كريں اس ميں يہ اشياء تلاش كريں، اور منگنى ميں بھى آپ ان امور كا خيال ركھيں.

چنانچہ میرے بھائی: آپ جس لڑکی سے منگنی کرنا چاہتے ہیں اس کی حالت میں غور کریں:

اگر آپ اس لڑکی میں وہ صفات پائیں جو ہم نے بیان کی ہیں تو یہ مطلوب و مقصود ہے، تو آپ اس لڑکی سے شادی کر لیں اور اسے اپنے ہاتھوں سے نہ نکلنے دیں، اس کی علامت یہ ہے کہ اگر آپ اس کے سامنے سگرٹ نوشی کی حرمت، اور اس میں معاونت کی حرمت، اور سگرٹ بنانے والی کمپنی میں ملازمت کرنے کی حرمت بیان کریں تو وہ آپ کی بات مان لےگی، اور راضی و خوشی اس ملازمت کو چھوڑ دے گی کہ اللہ تعالی نے اسے ہدایت سے نوازا ہے اور اس سے خبیث اور حرام کمائی کو دور کر دیا ہے.

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ اس لڑکی کو ایسا کرنے کی توفیق عطا فرمائے.

لیکن اگر وہ آپ کی نصیحت کو نہیں مانتی، اور اہل علم کے فتاوی جات کو بھی نہیں سنتی جو تقریبا اس گندے پودے کو حرام اور اس میں ملازمت کی حرمت پر تقریبا متفق ہیں، اور وہ اس حرام کام کی ملازمت اور ان مردوں کے ساتھ اختلاط پر مصر ہے جو اس گناہ میں اس کے ساتھ شریك ہیں، تو ہمارے خیال میں آپ اس لڑکی میں وہ اچھی اور نیك صفات نہیں پائینگے جو ہم نے بیان کی ہیں، اور آپ کو اس کا ادراك ہو گا کہ ہماری نصیحت ۔ بلکہ ضروری ہے ۔ کہ آپ اس لڑکی سے منگنی کی بجائے کسی اور لڑکی سے اطاعت و تقوی اور دین کے التزام پر منگنی کریں، اور اس لڑکی سے بات کرنے سے بھی گریز کریں، اور اس کے ساتھ رابطہ کرنے کی کوشش نہ کریں، کیونکہ عورتوں کے ساتھ بغیر کسی ضرورت کے بات چیت کرنا حرام ہے.

سگرٹ اور تمباکو فیکٹریوں اور کمپنیوں میں ملازمت کرنا سگرٹ نوشی کرنے سے بھی زیادہ خطرناك ہے، اس لیے کہ تمباکو بنانے والا شخص شر اور برائی تیار کر رہا ہے، اور وہ خبث اور ضرر کا مصدر ہے، اور اللہ تعالی نے جو صحت و عافیت انسان کو دی ہے اسے خراب کر کے معاشرے میں فساد پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے اس لیے سگرٹ نوشی کی بنا پر معاشرے میں ضرر و فساد پھیلےگا اس کا متحمل سگرٹ اور تمباکو بنانے والا شخص ہے، چاہے اس کی ملازمت کمپنی میں اکاؤنٹنٹ جیسی ہی ہو، کیونکہ کمپنی ایك کامل یونٹ ہے، جس کا سارا کام اصلا حرام ہے، تو اس میں معاونت والا جو کام بھی ہو گا وہ حرام ہے.

ہم اس دن کے انتظار میں ہیں جس دن یہ سگرٹ اور تمباکو بنانے والی کمپنیاں اپنے سر کے بل گر کا تباہ ہو جائینگی، ہر دینی اور معاشرتی غیرت رکھنے والا شخص اور اپنے نفس کی غیرت والا شخص اسے چھوڑ کر اپنے آپ اور معاشرے کو اس سے بچا لےگا کہ وہ فساد و خرابی کا مصدر نہ بن جائے.

اس لیے آپ اس لڑکی کو اس امر کی نصیحت کرنے کی حرص رکھیں، اور اس کے متعلق فتاوی جات اسے دکھائیں، اور نہ تو وہ اور نہ ہی آپ اس حرام کمائی کا طمع و لالچ رکھیں، کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی حرام کو ختم کر دیتا ہے، اور حلال کی روزی میں برکت عطا فرماتا ہے، اگر وہ آپ کی بات مان لے تو آپ اس سے شادی کا قدم اٹھائیں، وگرنہ

دوسری صورت میں اللہ تعالی آپ کو اپنی وسعت سے کوئی اور عطا فرمادیگا، اللہ سبحانہ و تعالی وسیع و حکیم ہے.

مزید آپ سوال نمبر (9083) اور (10922) اور (13254) اور (20757) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں، ان میں سگرٹ نوشی کا حکم اور اس کے خطرات بیان کیے گئے ہیں.

اور نیك و صالح بیوی کے اوصاف معلوم کرنے کے لیے آپ سوال نمبر (71225) کے جواب کا مطالعہ کریں.

اور ہماری اس ویب سائٹ میں بہت سارے فتاوی جات میں یہ بیان ہوا ہے کہ برائی اور منکر اور حرام میں معاونت والا کام اور ملازمت حرام ہے، اس کے لیے آپ مثلا کے طور پر سوال نمبر (7423) اور (41105) اور (49829) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں.

اور عورت کی ملازمت کرنے کے اصول و ضوابط سوال نمبر (6666) اور (20140) اور (22397) اور (33710) کے جوابات کا مطالعہ کریں.

واللہ اعلم .